Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ یکم جمادی الثانی سنہ ۱۳۴۰ھ مطابق ۳۰ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء	جلد ۳۴

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر مسٹر صفدر علی صاحب بعہدہ سکریٹری و منشی بھگت بہاری لال صاحب بعہدہ سکریٹری [illegible]	۱
۲	عطاء تعطیلات سہ روزہ بتقریب [illegible] نواب گورنر بہادر	۲
۳	تقرر تنخواہ مسٹر صفدر علی صاحب از یکم جنوری	″
۴	انتظام [illegible] سرشتہ آڈٹ	″
۵	رخصت پیشکار آبکاری	″
۶	انتظام پیشکاری عدالت جج	″
۷	اضافہ نرخ علی روزنامچہ نویس	″
۸	نقشہ حیات ممات - نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم) واقع ۲۱ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

بنظر مصالح انتظامی بابد ولت اقبال دو جدید سکریٹریان کا تقرر حسب صراحت ذیل منظور فرماتے ہیں۔

۱ - سکریٹری اہنار صنعت و حرفت - اس عہدہ پر مسٹر صفدر علی کا تقرر بشاہرہ ایکہزار روپیہ ماہوار منظور کیا جاتا ہے - صیغہ نمبر و اسٹیٹ انجینئر انکے ماتحت رہیگا - سوا اسکے انکو خود انتظام کرنا ہوگا - سکریٹری اہنار و صنعت و حرفت مقرر ہو جانے سے آئندہ عہدہ سپرنٹنڈنٹ اہنار کی ضرورت باقی نہیں رہی اسلئے یہ عہدہ شکست کیا جاتا ہے اور

۲- منشی بھگت بہاری لال کو فائنینل سکرٹیری مقرر کیا جاتا ہے۔ انکو پانسو روپیہ ماہوار تنخواہ اس صورت مین ملیگی کہ دو سو روپیہ بدستور دار الانشا سے ملینگے اور تین سو روپیہ خزانہ سے پائینگے۔ صیغہ جات خزانہ آڈٹ و ٹیکس و انجینئری انکے ماتحت رہینگے۔

۳- ان ہر دو سکرٹیریان کو وہی اختیارات و اعزازات حاصل ہونگے جو دیگر سکرٹیریان کو اب حاصل ہین۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۲۳ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

۱۴-۱۵-۱۶ فروری سنہ ۱۹۲۲ء کو ہز ایکسیلینسی نواب گورنر بہادر کی آمد رامپور اور تقریب جلسہ بال کیوجہ سے تین دن کی عام تعطیل دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور درج گزٹ ہو۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۲۴ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

مسٹر صفدر علی سکرٹیری صیغہ اشتہار و صنعت و حرفت کی تنخواہ جو ایکہزار روپیہ مقرر ہوئی ہے وہ یکم جنوری سنہ ۱۹۲۲ء سے قایم کیجائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون

روبکار اجلاس صاحب چیف سکرٹیری بہادر
واقع ۲۱ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

منشی محسن الزمان اہلمد جسکو صیغہ فوج سے ۔۔ تنخواہ ملتی تھی اور سررشتہ آڈٹ مین جا کر کام انجام دیتا تھا اور عرصہ تک رخصت پر رہا تھا آخر کو بوجہ بات اسکے ۔۔ استعفا پیش کیا سررشتہ آڈٹ مین تفصیل ذیل انتظام کیا گیا۔ غلام ربانی اہلمد مشاہرہ ۔۔ ماہوار تنخواہ ۔۔ روپیہ ماہوار بجائے محسن الزمان مقرر کیا جائے۔ ۔۔ مختار احمد خان پیداوار مشاہرہ دار ۔۔ جو محسن الزمان کا جانشین بمشاہرہ ۔۔ مقرر ہوا تھا باضافہ ۔۔ بجائے غلام ربانی مقرر کیا جائے ۔۔ محمد احمد خان قائم مقام ۔۔ ماہانہ سے مستقل پیداوار مقرر کیا جائے۔ ۔۔ منشی حمید علیخان اہلمد مشاہرہ دار ۔۔ کا اضافہ کیا جائے۔ ۔۔ وہی ۔۔ نہین جبکہ محسن الزمان اہلمد کی جگہ کا انتظام ۔۔ تھا سید ۔۔ تفصیل از آڈٹ ۔۔

صاحبزادہ سید مصطفی علیخان اہلمد مرحوم کی جگہ کام پر نہین لیا گیا تھا وہ جبکہ پھر اپنی خدمت آڈٹ مین ۔۔ حکم جنوری سنہ ۱۹۲۲ء بھیجا گیا جب پیر دو بیانات کام پر بھیجا گیا تھا اسکی جگہ آفتاب احمد خان مقرر ہوئے وہ عارضی ۔۔ اسکی جگہ سید مجید زکی مقرر ہوا جب پر ۔۔ ہوئے تو پیر کی جگہ نواب خان کا تقرر ہوا جسکو ۔۔ تنخواہ ملتی ہے محمد خلیل کی اپنی جگہ پر آجانے سے نواب خان کی علیحدگی تخفیف عمل مین آتی ہے مگر چونکہ شخص مذکور کی ۔۔ تخفیف ہوئی ۔۔ فائق ہے لہذا محسن الزمان کی جگہ حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے۔ ۱- محسن الزمان صیغہ فوج سے ۔۔ تنخواہ ۔۔ برخاست کیا جاتا ہے اسکی جگہ غلام ربانی مشاہرہ ۔۔ رخصت کو باضافہ پانچ روپیہ یعنی ۔۔ روپیہ تنخواہ پر مقرر کیا جائے تنخواہ صیغہ فوج ۔۔
۲- غلام ربانی ترقی یافتہ کی جگہ آڈٹ مین نواب احمد ۔۔ تخفیف شدہ مشاہرہ ۔۔ ماہوار مقرر کیا جائے ۳- مختار احمد خان پیداوار مشاہرہ ۔۔ جو محسن الزمان کا عوض مشاہرہ ۔۔ روپیہ مقرر ہوا تھا اب انتظام مین اپنی اصلی جگہ پیداوار منشی ۔۔ روپیہ اور تین روپیہ اضافہ ہوکر ۔۔ ماہوار اسکی مقرری عمل مین آئے جو صیغہ تعمیرات سے ملیگا۔ ۴- محمد احمد خان قائم مقام پیداوار مشاہرہ ۔۔ مستقل پیداوار مسل ملازمت سے سبکدوش کیا جائے۔ ۵- حمید علیخان اہلمد آڈٹ مشاہرہ ۔۔ کی تنخواہ مین دو روپیہ اضافہ ہوکر ستر روپیہ ملا کرین۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون۔ — حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹیری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹیری بہادر
رخصت
۱۷ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری احمد سعید خان پیشکار آبکاری مشاہرہ ۔۔ ماہوار کو رخصت چہار ماہ بانصف الاونس منظور ہوئی کہ ایام رخصت مین بابو پرشاد کلرک اردو کی ۔۔ کا کام بجای رخصتی کرینگے۔ اور ۔۔ الاونس رخصتی کی تنخواہ سے پائینگے۔ اور عاشق حسین امیدوار جیبہ ماہ کیواسطے بمشاہرہ ۔۔ ماہوار از تنخواہ رخصتی مقرر ہوا جو کلرک مذکور کی نگرانی ۔۔ معاون رہیگا۔ بقیہ ۔۔ اصل رخصتی کو ملینگے۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹیری بہادر
واقع ۱۸ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

چونکہ انتظام پیشکاری عدالت پنچ ہنوز غیر مستقل ہے۔ لہذا مناسب ہے کہ منشی نور احمد اہلمد متعینہ عدالت اسسٹنٹی درجہ اول جو مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ہے عدالت مذکور مین باضافہ پانچ روپیہ پیشکار مستقل کیا جاوے۔ اور چندی پرشاد مشاہرہ دار ۔۔ روپیہ جو زیر انتظام عارضی پندرہ روپیہ ماہوار پاتا تھا اب وہ مستقل تنخواہ پندرہ روپیہ پر اہلمد ہی عدالت اسسٹنٹی درجہ اول ہیں ۔۔ مستقل کئے جائین لہذا

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون۔ — دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹیری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیویٹ سکرٹیری بہادر
اضافہ
۲۰ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

نوشہ علی روزنامچہ نویس دفتر ہذا کی تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ گرانی منظور کیا گیا۔